فوری ریلیز کے لیے: 27/3/2023

***گورنر KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے کوئینز میں بالغ افراد کے استعمال میں آنے والی بھنگ کی ڈسپنسری کھولنے کا اعلان کیا ہے***

### ***ریاست کے سماجی مساواتی بھنگ سرمایہ کاری فنڈ کے تعاون سے، خاتون کی ملکیتی پہلی ڈسپنسری 30 مارچ کو کھولی جائے گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست میں خاتون کی ملکیتی پہلی، بالغوں کے مشروط استعمال کی پرچون فروش ڈسپنسری کا لائسنس ایک ایسے کاروباری شخص کی ملکیت ہے جو بھنگ کی ممانعت کی وجہ سے ماضی میں مجرم قرار دیا گیا تھا، یہ ڈسپنسری 30 مارچ بروز جمعرات دوپہر 2 بجے 162-03 جمیکا ایونیو پر عوام کے لیے فروخت کے لیے کھول دی جائے گی۔ کوئینز ڈسپنسری، جو گڈ گریڈز کہلاتی ہے، یہ ایک خاتون کا ملکیتی خاندانی کاروبار ہے جسے کاروباری شخصیت Extasy James اور ان کے کزن، Michael James، جونیئر، چلاتے ہیں جو کہ جمیکا، کوئینز کے ایک مقامی رہائشی ہیں اور ایک اٹارنی ہیں جو اقلیتی کاروباری کمیونٹی کے لیے وکالت کی بنیادی قدر و قیمت کے ساتھ گاہکوں کی خدمت کرنے پر توجہ دیتے ہیں۔

"کوئینز میں گڈ گریڈز کے افتتاح کے ساتھ، ہم نیویارک میں بھنگ کی ایک محفوظ، منظم شدہ صنعت کے قیام کے لیے اپنی پیش رفت کو مسلسل آگے بڑھا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کاروباری افراد کی مدد کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے نیویارک میں کام کیا جا رہا ہے کہ صارفین اپنی کمیونٹیز کی معاونت کرتے ہوئے محفوظ، قانونی مصنوعات خرید سکیں۔"

گڈ گریڈز کو ریاست نیویارک کے سماجی مساوات کے بھنگ سرمایہ کاری فنڈ کی معاونت حاصل ہے اور یہ ڈسپینسری "دفعتاً قائم ہونے" والے کاروبار کے طور پر کھولی جائے گی۔ اس فنڈ سے معاونت یافتہ کچھ دیگر ڈسپینسریوں کی طرح، یہ فنڈ لائسنس یافتگان کو قلیل مدتی بنیادوں پر تیزی کی جانب مائل فروخت شروع کرنے، ملازمین کے لیے تربیت کے مواقع فراہم کرنے اور اپنے کاروباری اداروں کے لیے سرمایہ پیدا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ اس کے بعد، یہ فنڈ حتمی تعمیراتی کام کے لیے بند ہو جائیں گے اور پھر طویل مدتی بنیادوں پر دوبارہ کھلیں گے۔

اس پاپ اپ پروگرام سے بھنگ کے سلسلۂ ترسیل سے وابستہ تمام کاروبار مستفید ہوں گے، جس میں وہ کاشتکار جن کی بھنگ کی فصل تقسیم کے لیے تیار ہے، وہ تیار کنندگان جو بھنگ کو دیگر اقسام کی مصنوعات کے لیے استعمال کر رہے ہیں، اس کے علاوہ تقسیم کاران، اور وہ ریٹیل آپریٹرز شامل ہیں جو صارفین کو اُن محفوظ مصنوعات تک رسائی فراہم کرنے کے لیے کام کرتے ہیں کہ جن پر وہ اعتماد کر سکتے ہیں۔ ڈسپنسری کے افتتاح سے نیویارک میں بھنگ کے لائسنس دینے کے عمل میں مساوات کے اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد ملتی ہے جہاں نظامِ انصاف سے منسلکہ ایسے افراد کے لیے لائسنس کی فراہمی کو ترجیح دی جاتی ہے، جو کہ بھنگ کی سزا کے موردِ الزام ٹھہرائے گئے ہوں یا کسی دوسرے شخص کے قریبی رشتہ دار ہوں۔

**DASNY کے صدر اور CEO Reuben McDaniel III نے کہا،** "چونکہ ہم نے کوئینز میں پہلی ڈسپنسری کھولی ہے، اس لیے ہم نیویارک میں گہرائی تک سرایت شدہ تاریخی ناانصافیوں کو دور کرنے اور بھنگ کے غیر

متناسب نفاذ کے باعث سب سے زیادہ متاثر ہونے والے افراد کے لیے نسلوں تک کی باہمی دولت کو فروغ دینے کے نئے مواقع پیدا کرنے کے عزم کی تصدیق کرتے رہتے ہیں۔ میں گورنر Hochul کی قیادت کا، اور مقننہ کی طرف سے اس پروگرام کو غیر معمولی حمایت حاصل ہونے پر، اور فنڈ کی قیادت کے کام پر شکرگزار ہوں، ان تمام لوگوں نے اس اہم اقدام پر ہماری پیش رفت کو جاری رکھنے میں ہماری مدد کی ہے۔"

**گڈ گریڈز کی مالک Extasy James نے کہا،** "گڈ گریڈز کے دروازے کھولتے ہوئے مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے، جو کوئینز، نیویارک میں سب سے پہلی ڈسپنسری ہے۔ ہم بھنگ تک زیادہ سے زیادہ رسائی فراہم کرنے اور ان رکاوٹوں کو دور کرنے کے بارے میں ناقابل یقین حد تک پُرجوش ہیں جو بہت سے لوگوں، بالخصوص پسماندہ کمیونٹیز سےتعلق رکھنے والے لوگوں کی راہ میں رکاوٹ بنتی ہیں، جو اس حیرت انگیز پودے کے فوائد سے استفادہ کرنے سے محروم رہتے ہیں۔ ہم بھنگ کے ساتھ بہت طویل عرصے سے منسوب اس بدنما داغ کو پہلے سے سمجھتے ہیں، اور ہم فروغ پذیر بھنگ کمیونٹی میں شامل ہونے کے لیے بے چین ہیں تاکہ اس بات کو تبدیل کرنے میں مدد ہو۔ ہماری ڈسپنسری ایک خیرمقدم کرنے والی اور جامع جگہ ہے جہاں کوئی بھی شخص سیکھنے، دریافت کرنے اور ان مصنوعات کو تلاش کرنے کے لیے آ سکتا ہے جو اس کی منفرد ضروریات کے لیے موزوں ہوں۔"

**گڈ گریڈز کے شریک مالک Michael James، جونیئر، نے کہا،** "جمیکا، کوئینز اب بھنگ کی صنعت میں ایک اہم مقام رکھتا ہے، کیونکہ کوئینز میں اپنے دروازے کھولنے والی، یہ پہلی ڈسپنسری ہے۔ میں اس موقعے اور عظیم ذمہ داری کے بارے میں اس سے زیادہ پُرجوش نہیں ہو سکتا کہ پہلی بار ہمارے آبائی شہر میں یہ کام متعارف کروایا جا رہا ہے۔ یہ نئی کاوش ہمارے خاندان، آبائی شہر، اور نیویارک میں خواتین کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ گورنر Hochul کے علاوہ، DASNY، بھنگ کنٹرول بورڈ، OCM، اور فنڈ کے علاوہ، ہم بھی ان متعدد معاونتی ٹیموں کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے کہ جنہوں نے اس سنگ میل تک پہنچنے میں ہماری مدد کی ہے۔"

**کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards، جونیئر نے کہا،** "معاشرتی تبدیلیاں نہ تیزی سے آتی ہیں نہ ہی آسانی سے پیدا ہوتی ہیں، لیکن کوئینز کی پہلی لائسنس یافتہ بھنگ ڈسپنسری کا یہ سنگ میل، ہماری بورو کے لیے کسی انقلابی تبدیلی سے کم نہیں ہے۔ جو چیز کبھی گہری رنگت والی کمیونٹیز کو نشانہ بنانے کے وسیلے کے طور پر استعمال ہوتی تھی، وہ آخر کار ہماری اقتصادی پہیلی کا ایک اہم، اور قانونی، حصہ ہے جو انہی کمیونٹیز میں ملازمتیں، دولت اور مواقع پیدا کرے گی۔ گڈ گریڈز اور کاروباری شخصیت Michael James جونیئر کو مبارکباد کہ تاریخ کا ایک نیا باب رقم کیا گیا ہے — میں اپنے باہم مشترکہ کام کا منتظر ہوں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ہماری معیشت کے اس ابھرتے ہوئے شعبے کی بنیادیں، مساوات اور بااختیار بنانے پر استوار ہیں۔"

**بھنگ کنٹرول بورڈ کی خاتون صدر Tremaine Wright نے کہا،** "اس مارکیٹ کی اس مسلسل ترقی کو دیکھنا ایک دلچسپ کام ہے، اور مجھے اس بات پر فخر ہے کہ ہم کوئینز میں خواتین کی ملکیتی پہلی ڈسپنسری کھول رہے ہیں۔ ہم آج گورنر Hochul اور مقننہ کے تعاون کے بغیر یہاں موجود نہیں ہوتے، اور میں شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس صنعت کے لیے آگے بڑھنے کے راستے کی مسلسل حمایت کی ہے جو مساواتی معاملہ ہے اور بھنگ کی ممانعت کے غیر متناسب عمل درآمد سے ہونے والے نقصانات کو دور کرے گی۔"

**دفتر برائے بھنگ کے انتظامی ایگزیکٹیو Chris Alexander نے کہا،** "ہم ایک مساواتی صنعت کی تعمیر کے لیے اپنی ریاست کے بھنگ کے قانون کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں جو کہ بھنگ کی ممانعت میں حد سے زیادہ، پولیس مداخلت کے نتیجے میں سب سے زیادہ متاثر ہونے والی کمیونٹیز کا احیائے نو کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ کوئینز میں خواتین کی ملکیتی اس پہلی ڈسپنسری کے افتتاح کے ساتھ، ہم دنیا کو دکھا رہے ہیں کہ مساوات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ہم درست اقدام کے ساتھ اس مارکیٹ کی شروعات کر سکتے ہیں۔"

**فنڈ کے عمومی شراکت دار کے سوشل اکویٹی امپیکٹ وینچرز کی جنرل پرنسپل، Lavetta Willis، LLC،** نے کہا، "ایک خاتون کاروباری مالک کے طور پر، مجھے فخر ہے کہ اس صنعت میں ایک اور خاتون کی کامیابی کی حمایت کی جا رہی ہے۔ بھنگ کے سلسلے میں سیاہ فام خواتین پسماندہ ہیں اور نمائندگی سے محروم ہیں، اور اس صورتِ حال کو تبدیل کرنے کے لیے ہم اقدامات کر رہے ہیں۔ ایک ٹیم کے طور پر، ہم رکاوٹیں دور کر رہے ہیں اور سیاہ فام اور گہری رنگت والے کاروباری مالکان کے لیے فنڈنگ، تربیت اور معاونت فراہم کرتے ہوئے مزید مواقع پیدا کر رہے

ہیں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انھوں نے اس اختلافی سمت میں ہماری رہنمائی کی ہے تاکہ یہ تبدیلی لائی جائے کہ آج سماجی مساوات کے پروگراموں پر کیسے عمل درآمد کیا جاتا ہے۔"

کوئینز کا مقام اس پروگرام کا حصہ ہے جسے گورنر Hochul اور ریاست نیویارک کی قانون ساز اسمبلی کی طرف سے مجاز قرار دیا گیا ہے اور CAURD لائسنس یافتگان کی جانب سے چلائی جانے والی بھنگ کی ڈسپنسریوں کے لیے مقامات کے حصول، ڈیزائن، تعمیر، اور تنظیم سازی میں مدد کے لیے فنڈ کے ذریعے کفالت کی گئی ہے۔ ریاست نیو یارک کی ڈارمیٹری اتھارٹی (Dormitory Authority of the State of New York, DASNY) کے ذیلی ادارے، سوشل ایکویٹی سروسنگ کارپوریشن (Social Equity Servicing Corporation, SESC) کے ساتھ کام کرتے ہوئے، یہ فنڈ ایک سرکاری و نجی محدود شراکت داری ہے جو سماجی مساوات کے کاروباری اداروں کو نیو یارک کی نئی تخلیق شدہ بالغوں کے استعمال کی بھنگ کی صنعت میں کامیابی کے لیے مقام دینے کے لیے بنائی گئی ہے۔ سوشل ایکویٹی امپیکٹ وینچرز کے زیرِ انتظام، یہ فنڈ انصاف میں شامل انفرادی CAURD لائسنس دہندگان کو بالغوں کے استعمال کے لیے بھنگ کی پرچون ڈسپنسریوں کے قیام کے اخراجات کو پورا کرنے میں مدد دے گا۔ بالغان کے استعمال میں لائی جانے والی بھنگ کی صنعت کی جانب سے لائسنس کی فیسوں اور محصولات کی مد میں اسے 50$ ملین جبکہ نجی شعبے کی جانب سے اسے 150$ ملین تک کی معاونت دی گئی ہے۔

CAURD لائسنس ریاست نیو یارک کے سیڈلنگ کے موقع کے اقدام کے مرکزی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس اقدام کے ذریعے، نیو یارک کی بالغان کے استعمال کی پہلی قانونی ریٹیل ڈسپینسریاں امتناعِ بھنگ کے قوانین کے نفاذ سے انتہائی متاثرہ افراد یا وہ غیر منافع بخش تنظیمیں چلائیں گی، جن کی خدمات سابقہ طورِ پر مقید افراد کے لیے معاونت پر مشتمل ہوں گی۔ یہ ڈسپینسریاں ریاست نیویارک بھر میں کاشتکاروں کی کاشت کردہ بھنگ کی مصنوعات کے ساتھ، بالغ افراد کے استعمال میں آنے والی بھنگ کو قانوناً جائز طریقے سے فروخت کر رہی ہیں۔

اہل درخواست دہندگان وہ ہیں جن کو یا تو خود بھنگ کی وجہ سے سزا ہوئی تھی یا کسی ایسے شخص کے قریبی خاندانی فرد ہیں جو کم از کم دو سال سے خالص منافع حاصل کرنے والا کاروبار کرتا ہے، اس کا مالک ہے یا اس کا مالک رہا ہے۔ CAURD لائسنسوں کے لیے، غیر منافع بخش تنظیمیں اس صورت میں اہلیت رکھتی تھیں، کہ اگر ان کے پاس حالیہ یا سابقہ مقید افراد کو خدمات فراہم کرنے کا ماضی پایا جاتا تھا، جس میں ان کے لیے پیشہ ورانہ مواقع پیدا کرنا؛ عملِ انصاف سے وابستہ بورڈ میں کم از کم ایک ممبر کی رکنیت کا حصول؛ کم از کم پانچ کُل وقتی ملازمین شامل ہوں؛ اور کوئی ایسی سماجی مہم چلائی ہو جس کے صافی اثاثہ جات یا منافع کم از کم دو سال کے برابر ہوں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418